# آسان

# اِملا

حروف کی درست ترتیب سے الفاظ لکھنا املا ہے

تحریر ایم طارق عباسی

## اردو حروف تہجی کی صحیح تعداد اور ترتیب

ا۔ آ۔ ب۔ بھ۔ پ۔ پھ۔ ت۔ تھ
ٹ۔ ٹھ۔ ث۔ ج۔ جھ۔ چ۔ چھ۔ ح
خ۔ د۔ دھ۔ ڈ۔ ڈھ۔ ذ۔ ر۔ رھ
ڑ۔ ڑھ۔ ز۔ ژ۔ س۔ ش۔ ص۔ ض
ط۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ کھ
گ۔ گھ۔ ل۔ لھ۔ م۔ مھ۔ ن۔ نھ
ں۔ و۔ ہ۔ ء۔ ی۔ ے

اردو حروف تہجی کی صحیح تعداد چوّن ہے

ایم طارق عباسی
آرڈر کیلئے اس نمبر پر 0304-5495204 رابطہ کریں

ملنے کا پتہ
نئی بک سنٹر حبیب منڈی لاہور
نئی بک سنٹر شاہین مارکیٹ ملتان
فرحان بک سنٹر ... چوک علی پور
Price Rs.80/=

## "دو" حرفی الفاظ (بغیر جوڑ کے)

(ا + ا = آ) دو الف مل کر "آ" بناتے ہیں

آپ۔ آج۔ آر۔ آگ۔ آم۔ آس۔ آن۔ آب۔ آل۔

آڑ۔ اَب۔ اَن۔ اُف۔ اُس۔ اُن۔ اِک۔ دُکھ۔ رَکھ۔

رے۔ رِی۔ رَتّی۔ دَم۔ رَن۔ دِن۔ دُم۔ اِک۔ اِن۔

اَڑ۔ وَر۔ رَس۔ رُت۔ رَت۔ رَٹ۔ رُک۔ ڈَر۔ دَر۔

دَس۔ اَٹ۔ دی۔ دے۔ ڈر۔ ڈا۔ دو۔ زَم۔ رَج۔ رَچ۔

رو۔ رَد۔ رَہ۔ اِس۔ رَس۔ رَگ۔ دِل۔ رُخ۔ دُہ۔ ذِی۔

زَن۔ زِہ۔ دِی۔ رَب۔ ڈُو۔ ڈگ۔ ڈَٹ۔ زِچ۔ رِس۔

اُردو الفاظ میں ہر لفظ کا آخری حرف ساکن (بغیر حرکت) ہو گا



## "تین" حرفی الفاظ (بغیر جوڑ کے)



ڈول۔ ڈوب۔ ڈور۔ زوج۔ واو۔ اڑی۔ وِرد۔ رَاج۔ اڑا۔ ارض۔ ا

اَزل۔ اَور۔ اَوج۔ زاغ۔ داؤ۔ رَوا۔ رَاہ۔ راز۔ ذَوق۔

زَرد۔ دَار۔ دَرس۔ دَوا۔ اِرد۔ دَال۔ دَاد۔ روگ۔ اَرب۔

آڑا۔ دَاغ۔ ذَات۔ ذَرا۔ دَرج۔ ڈرا۔ ڈاک۔ راگ۔ اوک۔

راکھ۔ آرا۔ رَوِش۔ دَور۔ دُور۔ زار۔ رام۔ وار۔ اَوس۔

آڑو۔ ڈَال۔ رَزم۔ آدم۔ دوش۔ وزن۔ وَرق۔ وَرم۔



اَدب۔ اَدا۔ اوٹ۔ زور۔ راس۔ راب۔

"چار" حرفی الفاظ (بغیر جوڑ کے)

ب کے نیچے ایک نقطہ ☑ ہے نکتہ ☒

آرزو۔ وارد۔ آب زن۔ دَرزی۔ دَوزَخ۔ دُرود۔ راول۔

دارا۔ داؤد۔ اُوڑھ۔ وادی۔ واری۔ اِرادہ۔ دروغ۔ دوام۔

آرام۔ اَدرک۔ اذان۔ اُداس۔ اُردُو۔ دادی۔ دَادَا۔ داری۔

آواز۔ زوال۔ زردہ۔ دَردَر۔ دراز۔ دورہ۔ ڈراؤ۔ زاری۔

دَرزِن۔ وُزرا۔ دراڑ۔ اَژدر۔ ڈوری۔ دوڑا۔ اُڑان۔ رذال۔

رَواق۔ دوال۔ دوات۔ دودھ۔ زردی۔ ذوات۔ رزاق۔

راوی۔ رواں۔ روزے۔ ورود۔ ڈوری۔ روزی۔ اذان۔ رِداء۔

وردی۔ رازق۔ ذراع۔ وارث۔ روزہ۔ آرام۔ آداب۔ دَوڑو۔

ڈاڑھ۔ دَوڑا۔ دوائی۔ دوآب۔ روات۔ اَروی۔ آوری۔ رِوَاج۔



پانچ، چھے اور سات حرفی الفاظ (بغیر جوڑ کے)



آزادی۔ داغ دار۔ اِدارت۔ اِدارے۔ اَزواج۔ اوراق۔

زادِراہ۔ زرداری۔ دُوردراز۔ دروازے۔ رازدار۔ اَوزار۔

اِداروں۔ اِرادوں۔ اَزدواج۔ زردوز۔ زوردار۔ روزروز۔

آوارہ۔ آزردہ۔ اَرزاں۔ اَرواح۔ اِدراک۔ رَوَادَار۔ وَدوان۔

رواداری۔ روزہ دار۔ راہ داری۔ راہ زن۔ روداد۔ اِرادَت۔










زوروں۔ زردار۔ زورآوری۔ واردات۔ درددل۔ زورآور۔

الفاظ: پہلے حرف پر زَبَر، دوسرا اور تیسرا حرف ساکن (بغیر حرکت)۔

بَرف۔ غَرق۔ ظَرف۔ تَرک۔ صَدر۔ نَقل۔ شَرم۔ عَقب۔ جَست۔

عَکس۔ نَرم۔ گَرم۔ رَقص۔ فَرض۔ خَتم۔ حَرم۔ عَصر۔ ضَبط۔ فَصل۔

قَرض۔ جَنگ۔ وَجد۔ نَقش۔ حَلق۔ حَلف۔ مَرض۔ حَرج۔ بَرق

الفاظ: پہلے حرف پر پیش، دوسرا اور تیسرا حرف ساکن (بغیر حرکت)۔


عُرس۔ مُشک۔ صُبح۔ ضُعف۔ بُرج۔ عُرف۔ جُفت۔ مُفت۔ خُلع۔

مُلک۔ قُرب۔ ظُہر۔ مُہر۔ جُرم۔ خُشک۔ غُسل۔ ظُلم۔ مُرغ۔

خُلد۔ تُرک۔ قُدس۔ شُکر۔ کُفر۔ زُلف۔ قُرص۔ مُشت۔ پُشت۔



پہلے حرف پر زیر، دوسرا اور تیسرا حرف ساکن



طِفل۔ جِسم۔ خِضر۔ ذِکر۔ فِکر۔ عِطر۔ وِتر۔ ہِجر۔ عِشق۔ فِسق۔ عِلم۔



اِسم۔ جِنس۔ حِلم۔ مِثل۔ حِرص۔ صِفر۔ چِلم








اُردو

قیمت 50 روپے

ڈیلیوری فری

مکمل آرڈر پر صرف 100

روپے منی آرڈر فیس ہو گی

اس کے علاوہ دیگر کوئی اخراجات نہیں ہوں گے

## پہلے، دوسرے حرف پر زبر اور تیسرا، چوتھا حرف ساکن (بغیر حرکت)

خَرَاب۔ وَبَال۔ رَبَاب۔ ثَوَاب۔ شَبَاب۔ زَوَال۔ بَیَان۔ جَنَاب۔

جَہَاز۔ حَوَاس۔ تَمَام۔ مَدَار۔ مَزَار۔ نَشَاط۔ مَطَاف۔ نَہَار۔ سَرَاب۔

خَیَال۔ ہَزَار۔ قَرَار۔ فَرَار۔ طَرَار۔ کَرَار۔ دَرَاڑ۔ جَرَار۔ کَبَاب۔

## پہلے حرف پر زبر دوسرا ساکن، تیسرے پر زیر چوتھا اور پانچواں ساکن





تَحرِیر۔ تَدبِیر۔ تَقدِیر۔ تَذکِیر۔ تَسخِیر۔ تَصوِیر۔ تَقرِیر۔

شَمشِیر۔ زَنجِیر۔ تَبدِیل۔ تَحصِیل۔ تَذلِیل۔ تَرتِیل۔ تَشکِیل۔ تَرسِیل۔

تَحلِیل۔ تَفصِیل۔ تَقلِید۔ تَکمِیل۔ تَرمِیم۔ تَقسِیم۔ تَنظِیم۔ تَمہِید۔

تَصدِیق۔ تَہذِیب۔ تَحرِیک۔ تَعوِیذ۔ تَدرِیس۔ تَجوِیز۔ تَعرِیف۔

## پہلے اور دوسرے حرف پر پیش، تیسرا اور چوتھا حرف ساکن





حُصُول۔ فُضُول۔ نُقُول۔ اُمُور۔ حُضُور۔ شُعُور۔ عُبُور۔

حُرُوف۔ جُلُوس۔ خُشُوع۔ سُلُوک۔ قُنُوت۔ سُطُور۔ طُلُوع۔ رُسُوم۔

فُنُون۔ نُفُوس۔ خُطُوط۔ غُدُود۔ شُرُوع۔ شُکُوک۔ غُرُوب۔ حُنُوط۔

## پہلے حرف پر زیر دوسرے پر زَبَر، تیسرا اور چوتھا ساکن

حِسَاب۔ رِکَاب۔ عِتَاب۔ کِتَاب۔ نِصَاب۔ نِقَاب۔ شِعَار۔ قِطَار۔ فِرَار۔

عِلَاج۔ جِدَال۔ عِیَال۔ نِہَال۔ ہِلَال۔ عِنَاد۔ صِیَام۔ حِجَاب۔ صِحَاب۔

## پہلے حرف پر زَبر، دوسرا ساکن، تیسرے پر پیش، چوتھا، پانچواں ساکن

مَقبُول۔ مَعدُوم۔ مَرغُوب۔ مَشرُوب۔ مَشہُور۔ مَجنُون۔ مَنسُوب۔

مَسجُود۔ مَعبُود۔ مَندُوب۔ مَقصُود۔ مَعجُون۔ مَحجُوب۔ مَسنُون۔ مَجبُور۔


## فارسی زبان کے الفاظ جو "ش" پر ختم ہوں "ش" سے پہلے زیر ہو گی

کَشِش۔ نَالِش۔ بَخشِش۔ رَنجِش۔ نَوازِش۔ آزمائِش۔ جُنبِش۔ لَغزِش۔

دَانِش۔ آمیزِش۔ فَرمائِش۔ فَہمائِش۔ نِگارِش۔ تَپِش۔ کَشِش۔ شورِش۔



## الفاظ جن میں پہلا حرف زیر والا ہے




زِندان۔ اِنجیر۔ اِبلیس۔ اِدریس۔ رِضوان۔ اِقلیم۔ مِسکین۔ مِقراض۔

فِرشتہ۔ اِنکار۔ گِرہ۔ اِستدلال۔ اِصطبل۔ غِلمان۔ اِستحصال۔ جِن۔ اِنس۔









دِقیانوس۔ گریبان۔ چنگیز۔ محراب۔ میزان۔ معراج۔ اِستخارہ۔



## "ب" والے الفاظ



بنجارا۔ بٹوا۔ بجنا۔ بچے۔ بِلّی۔ بغاوت۔ بے کار۔ برابری۔ بساط۔

بیگانہ۔ بیگم۔ بہتات۔ بے حد۔ بیت المال۔ بے مثل۔ بچھیا۔ بکری۔ بہن۔




باعمل۔ بازار۔ باغی۔ باورچی۔ ببّر۔ بُزدِل۔ باادب۔ بتاسا۔

بندہ۔ بچو۔ بتّیسی۔ بوسہ۔ بہت۔ بَندُوق۔ بالائی۔ برہمن۔ بصیرت۔



## الفاظ جن میں "ث" آتا ہے



ثمار۔ ثانوی۔ ثانی۔ ثبوت۔ ثروت۔ ثُریا۔ ثقلین۔ ثنا۔ وثیقہ۔


ثالث۔ ثقیل۔ ثقل۔ ثقافت۔ ثُلث۔ ثلاثہ۔ جثّہ۔ عثمانی۔ کثافت۔

کثیر الاضلاع۔ مثنوی۔ مثلّث۔ نثر۔ نثری۔ نثار۔ وُثُوق۔ ثور۔

یثرب۔ مثال۔ مثبت۔ اثر۔ اثرات۔ کثیر العیال۔ کثیر المقاصد۔



## الفاظ جن میں "چ" آتا ہے




چابک۔ چاپلوس۔ چاشنی۔ چالاکی۔ چینی۔ چاندی۔ کچا۔ چاہ یوسف۔

اَچکن۔ بَچّہ۔ پچاس۔ پچاسواں۔ چار۔ چاک۔ اچار۔ چوبارہ۔ چال چلن۔

چَوّن۔ چراغاں۔ چوراہا۔ چوراسی۔ چوکیدار۔ چھت۔ چربہ۔ کچرا۔ سچا۔

چپاتی۔ بَچّیس۔ چیخنا۔ چَچ مُچ۔ غُنچہ۔ کَچہری۔ چِکنا چُور۔ چار دِیواری۔



## الفاظ جو "د" سے شروع ہوتے ہیں



دارُالخِلافہ۔ داخلہ۔ دارُالحکومت۔ دارُالکتب۔ دانت۔ دانش۔ دستار۔

دلہن۔ دبدبہ۔ دُختر۔ درویش صفت۔ دِیارِ غیر۔ دِیہات۔ دَروازہ۔

دِماغ۔ دلیہ۔ داماد۔ دیوانہ۔ دردمندی۔ دُشمن۔ دائیں۔ دبنگ۔ دان۔



## الفاظ جو "ڈ" سے شروع ہوتے ہیں



ڈاڑھی۔ ڈھاک۔ ڈاکٹر۔ ڈول۔ ڈگڈگی۔ ڈراؤنا۔ ڈبل روٹی۔ ڈاڑھ۔

ڈنکا۔ ڈیرا۔ ڈفلی۔ ڈوئی۔ ڈولی۔ ڈانٹ۔ ڈبہ۔ ڈرپوک۔ ڈنڈا۔ ڈاکو۔



## الفاظ جو "ذ" سے شروع ہوتے ہیں



ذائقہ۔ ذہین۔ ذخیرہ۔ ذرّات۔ ذوالنورین۔ ذکاوت۔ ذِمّہ داری۔ ذخائر۔

ذِی شعور۔ ذُوالجلال۔ ذہن نشین۔ ذُومعنی۔ ذَیل دار۔ ذاکر۔ ذِکر۔

براہ راست آرڈر بک

کرائیں یا قریبی بک

سنٹر سے رابطہ کریں



## الفاظ جو "ر" سے شروع ہوتے ہیں



رات۔ رابطہ۔ رازداری۔ راست گو۔ روشنی۔ راکھ۔ راگ۔ راقم الحروف۔


رائے عامہ۔ رحمٰن۔ رنجیدہ۔ روّیہ۔ رنگین۔ رحمت اللہ۔ روئی۔ راقم۔

رُسوائی۔ رُخصت۔ رَدِیف۔ رَسم۔ رَحم۔ رَکھ۔ رَتّی۔ رُباعی۔ ریت۔

سڑک



## "ڑ" والے الفاظ



کاڑھنا

"ڑ" سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ غلط ہے۔ بلکہ ڑ سے ڑنگا۔ بیل کے گلے میں بندھی گھنٹی جس کی آواز سے راہ گیر راستہ دیتے ہیں



بھیڑ۔ پہاڑ۔ گڑیا۔ گھڑی۔ ہتھوڑا۔ کوڑی۔ آڑ۔ گُڑ۔ توڑ۔ دوڑ۔ گھوڑا۔

گاڑی۔ پڑھ۔ مکڑی۔ جھاڑی۔ کُلہاڑی۔ پہاڑی۔ جھگڑ۔ پکڑ۔ اکڑ۔ لڑنا۔



## "ژ" والے الفاظ (تلفظ (ے)



ژالہ باری (اولے)۔ ژاژ (فضول گفتگو)۔ ژرف (گہرا)۔ ژولیدگی (پریشانی)۔

ژولیدہ حال (پریشان حال)۔ مژدہ (خوشخبری)۔ مژہ (پلک)۔ کژدم (بچھو)۔

پژمردہ (بے رونق)۔ مژگان (پلکیں)۔ نژاد (اصل)۔ ہژدہ (اٹھارہ)۔

جب کسی لفظ میں "س" یا "ش" دوبار مسلسل ہو تو پہلا س، ش بغیر دندانے دار ہوگا

سسرال۔ سستا۔ سسکی۔ سُستی۔ سستانا۔ سَستی۔ سسکنا۔ سسر۔ سسکاری۔

ششم۔ شش وپنج۔ ششدر۔ شش جہت۔ شش ماہی۔ ششکارنا (کتے کو شکار پر دوڑانا)۔



## "شدّ" والے الفاظ (مشدد الفاظ)



شد کا معنی ہے دو مرتبہ پڑھنا جیسے لفظ ابّا میں "ب" کے اوپر شد ہے اس کو دو مرتبہ پڑھیں گے

اللہ۔ محمّد ﷺ۔ ابّو۔ کپّا۔ رسّی۔ عزّت۔ مُدّت۔ سجّادہ نشین۔


مُزیّن۔ قِلّت۔ سچّا۔ بچّہ۔ پکّا۔ غلّہ۔ غُصّہ۔ جُبّہ۔ جِدّت۔ سیّد۔

دِقّت۔ مِلّت۔ عِلّت۔ قوّت۔ چُھٹّی۔ ٹکّہ۔ دھکّا۔ تیقّن۔ شِدّت۔

کوّا۔ حصّہ۔ حیثیّت۔ خشیّت۔ بھیّا۔ توقّع۔ تردّد۔ ترنُّم۔ توجّہ۔



## "الف مقصورہ (کھڑا "الف") یٰ"



عربی کے کچھ الفاظ اردو میں استعمال ہوتے ہیں جن کے آخر میں "ی" آتی ہے

اور اس پر چھوٹا الف بنایا جاتا ہے اسے الف مقصورہ کہتے ہیں آخر میں الف کی آواز ہو گی


عیدالاضحیٰ۔ موسیٰ۔ عیسیٰ۔ اعلیٰ۔ ادنیٰ۔ ہدیٰ۔ تکبیر اولیٰ۔ یہود و نصاریٰ۔

اردوئے مُعلّیٰ۔ اَسمائے حُسنیٰ۔ حتّٰی کہ۔ عہدِ وسطیٰ۔ شوریٰ۔ عُقبیٰ۔

دعویٰ۔ مَن ّو سلویٰ۔ خِضریٰ۔ سِدرَۃُ المُنتہیٰ۔ اِستثنیٰ۔ مُستثنیٰ۔



وہ الفاظ جو "ص" سے شروع ہوتے ہیں




صحیفہ۔ صورت۔ صوبائی۔ صِفّت۔ صحیح۔ صبح۔ صحاح ستہ۔ صد برگ۔

صدقہ۔ صدر۔ صراط مستقیم۔ صف آرائی۔ صراحی۔ صاف۔ صادر۔

صاحب۔ صاحب زادہ۔ صادق وامین۔ صَحرا۔ صفا۔ صباحت۔ صندل۔



وہ الفاظ جو "ض" سے شروع ہوتے ہیں



ضم۔ ضلع۔ ضمیمہ۔ ضرار۔ ضروری۔ ضعیف الاعتقادی۔ ضیافت۔

ضامن۔ ضمانت۔ ضِمنی۔ ضابطہ۔ ضِدّی۔ ضمیر۔ ضرورت۔ ضبطی۔



وہ الفاظ جن میں "ض" آتا ہے



عضو۔ تضاد۔ تضحیک۔ حضرت۔ رضائی۔ رضوان۔۔ حضور۔ خُضُوع۔


رَضاکار۔ مضافات۔ رضاعت۔ ماضی۔ مضمون۔ خِضرِ راہ۔ مضحکہ خیز۔

مُضطرِب۔ غَیظ و غضب۔ ضخیم۔ فضیلت۔ فاضل۔ فضلِ ربّی۔ مضاف۔

غضب ناک۔ فضائل۔ فضائی۔ حَوضِ کوثَر۔ وُضو۔ وَضاحت۔ وَضع قطع۔



"ط" والے الفاظ



طواف۔ طاغوت۔ طاقت۔ طرح۔ طشت۔ طویل المعیاد۔ اوطاق۔

طعام۔ طعنہ۔ طوطا چشمی۔ طوق۔ طیش۔ طویل۔ طیارہ۔ طلوع۔

طوطا۔ طریقہ۔ وسطیٰ۔ وسطانیہ۔ سُطور۔ سُلطانہ۔ طالب۔ طائف۔



طبیعت۔ طراوت۔ طاعون۔ طریقت۔ طشتری۔ قطب مینار۔

سلطنت۔ خطوط۔ خطرہ۔ سطح۔ مطمئن۔ خطرات۔ واسطہ۔ طور۔ خطیب۔



اطوار۔ خطبہ۔ طبق۔ باطن۔ بطن۔ باطل۔ طیران گاہ۔



نون غنّہ "ں"



ناک میں بولا جاتا ہے آخر میں آئے تو نقطہ نہیں لگتا درمیان میں آئے تو نقطہ لگے گا

پنہاں۔ دَنگل۔ آنگن۔ رَنگین۔ سنگین۔ بیناں۔ رَنگ۔ ڈَنگ۔ دِہقاں۔

پتنگ۔ چاند۔ گیند۔ اُونٹ۔ سُونڈ۔ آنکھ۔ پلنگ۔ پنکھا۔ جواں۔ سَنگ۔

دانت۔ پانچ۔ جاؤں۔ ہمیں۔ بچوں۔ منگل۔ ڈھنگ۔ جہاں۔ جنگل۔

بینگن۔ آنچ۔ کانچ۔ گونگا۔ گاؤں۔ چھاؤں۔ جہاں۔ کہاں۔ ماں۔

نُمایاں۔ وہاں۔ بیاباں۔ درمیاں۔ تجھے اگاہیں۔ پناہ گاہیں۔ پَریشاں۔

واؤ معروف۔ واؤ معروف اس واؤ کو کہتے ہیں جسے کھینچ کر پڑھا جائے



اس واؤ کے اوپر اُلٹا پیش لگایا جاتا ہے۔




موٗڑ۔ ٹھوٗنستا۔ کوٗزہ۔ جوٗتا۔ چوٗہا۔ روٗم۔ بابوٗ۔ جادوٗ۔ تالوٗ۔ کاجوٗ۔

چاقوٗ۔ پھوٗنک۔ آلوٗ۔ چوٗزہ۔ سوٗنا۔ ڈھوٗل۔ اوٗن۔ بھوٗل۔ جھوٗٹ۔ دوٗر۔

حوٗر۔ نوٗر۔ غروٗر۔ ظہوٗر۔ شعوٗر۔ سروٗر۔ ضروٗر۔ توٗڑ۔ جوٗڑ۔ جوٗن۔ خوٗب۔

ڈوٗب۔ خوٗن۔ سوٗد۔ بگوٗلا



خالوٗ۔ لہوٗ۔ بھالوٗ۔ بھوٗت۔



"واؤ مجہول"



ایسی واؤ جو کھینچ کر نہ پڑھی جائے۔ (واؤ کی آواز مختصر کرتے ہیں)

یوم۔ غول۔ سوم۔ نوٹ۔ قوس۔ ڈور۔ روز۔ شور۔ چھوڑ۔ ٹوپی۔ گھنگھور۔

شرابور۔ بول۔ مول۔ گوند۔ لوٹ۔ گول۔ مور۔ قوم۔ خوف۔ چور۔

لوچ۔ ہوش۔ خوش۔ اَوج۔ اَوس۔ پودا۔ چوک۔ حوض۔ روک۔ ٹوک۔

آپ بل کی ادائیگی کتابیں

وصول کر کے پوسٹ مین کو

کریں گے کیش آن ڈیلیوری

کی سہولت ہے



اُردو پڑھیں

## "واؤ معدولہ"



ایسی واؤ ہے جو لکھنے میں آئے لیکن اس کو پڑھا نہیں جائے گا۔ یہ واؤ حرف "خ" کے بعد آتی ہے

خُواب (اس کو "خاب" پڑھنا ہے) خَوابیدہ۔ خَواہش۔ خُودکشی۔ خَوانچہ۔

دَسترخَوان۔ خُوشامد۔ برخُوردار۔ خَوار۔ خَواندہ۔ تنخَواہ۔ خودبخود۔

خُورشید۔ خَواستگار۔ خُوشی۔ خُودنمائی۔ خُوشنُود۔ نعت خَواں۔ خُوردبُرد۔

خَوامخَواہ۔ بہی خَواہ۔ خَواجہ۔ ذُوالنُّورَین۔ خُوش باش۔ خُوردنی۔ بدخَواہ۔



## "ہائے ملفوظی"




ہائے ملفوظی اس "ہ" کو کہتے ہیں جو لفظ میں صاف پڑھی جائے۔ لفظ کے شروع، درمیان اور آخر میں استعمال ہوتی ہے۔

ابتدائی شکل: ہوا۔ درمیانی شکل (لٹکن والی ہ): بہت۔ آخری شکل: جگہ

ہندسہ۔ ہمسائیہ۔ ہجری۔ ہجویری۔ ہڑپ۔ ہزار۔ ہجر۔ ہاون دستہ۔



واہ۔ شاہ۔ راہ۔ تباہ۔ گناہ۔ جاہ۔ گاہ۔ ماہ۔ آہ۔ بہہ۔ سہہ۔ تہہ۔ ہدف

ہنسی۔ ہلکا۔ ہیر پھیر۔ ہاتف۔ ہاتھ۔ ہمایوں۔ ہانڈی۔ ہتک۔ ہدایت۔ ۱۰

15۔ خوف و ہراس۔ ہندو۔ ہتھکڑی۔ اہرام مصر۔ ہتھوڑا۔ ہولی۔ ہلکا۔



## ہائے مختفی (پوری طرح ادا نہ کی جانے والی "ہ")



اس ہ کو کہتے ہیں جو پڑھنے میں نہ آئے صرف "الف" کی معمولی آواز دے

عدسہ۔ وعدہ۔ شگفتہ۔ سکتہ۔ بچہ۔ دیوانہ۔ وظیفہ۔ زندہ۔ ٹوبہ۔ فیتہ۔

کعبہ۔ پردہ۔ آلہ۔ خالہ۔ بستہ۔ چشمہ۔ ہنگامہ۔ نقشہ۔ نرغہ۔ پروانہ۔

درجہ۔ چارہ۔ نالہ۔ سادہ۔ روزہ۔ تارہ۔ بارہ۔ خستہ۔ کوچہ۔ کتبہ۔ شُعبہ۔

لہجہ۔ خطبہ۔ کنبہ۔ دنبہ۔ توبہ۔ فتنہ۔ وقفہ۔ قصبہ۔ ہفتہ رفتہ۔ فربہ۔

پارہ۔ والدہ۔ ذاکرہ۔ عرصہ۔ غوطہ۔ روپیہ۔ گوشہ۔ دانہ۔ تختہ۔ حَربہ۔

## ہائے مخلوطی۔ دو چشمی۔ دو آنکھوں والی "ھ"

اس "ھ" کو کسی بھی لفظ کے شروع میں نہیں لگا سکتے۔ (ھاتھی۔ ہاتھی)۔ "ھ" پہلے

| | |
|---|---|
| ✓ | × |

حرف سے مل کر پڑھی جاتی ہے جیسے "بھالو" میں "ھ" سے پہلے "ب" آیا ہے



۔"پھول" میں پہلا حرف "پ" ہے





تھکا



باڑھ



کھوپا

بھاری۔ بھاگ۔ بھوت۔ بھرپور۔ بھیگی بلی۔ بھائیں بھائیں۔ بھینی۔16

بھوسہ۔ بھینس۔ سنبھالنا۔ اُبھرنا۔ بھیگ۔ ٹھیک۔ پھیکا۔ میٹھا۔ اُبھار۔




پھول۔ بھَل۔ بھاپ۔ پھونک۔ بھگت۔



تھکی۔ بھّیا۔ بھانجا۔ بُھرتا۔ بھرکس۔ بھرتی۔ بھگت۔ بھیک۔ رُتھ۔

پڑھائی۔ پھنسنا۔ پھوٹ۔ پھاندنا۔ پھپھوندی۔ پھسلن۔ پھوٹنا۔ ٹھنڈ۔

ٹھوکر۔ تھالی۔ تھال۔ تھوڑا۔ جھانسا۔ جھالر۔ جھاگ۔ ٹھہرنا۔



درج ذیل الفاظ کے آخر میں "ہ" نہیں لگے گا



پھیپھڑا۔ آرا۔ دھوکا۔ ڈھانچا۔ اکھاڑا۔ انگارا۔ بٹوا۔ بیڑا۔ باجا۔

بُلبُلا۔ ستارا۔ پانسا۔ پٹاخا۔ پیڑا۔ گندا۔ دھندا۔ اڈا۔ پرچا۔

جالا۔ چرچا۔ پھاوڑا۔ چبوترا۔ چٹخارا۔ گھونسلا۔ بھروسا۔ خرچا۔ ڈنڈا۔

چٹکلا۔ پھندا۔ ڈبیا۔ برآمدا۔ پھوڑا۔ جاڑا۔ کھارا۔ مندا۔ انڈا۔

ہمزہ کا استعمال: اگر "الف" یا "آ" کے بعد "و، ی، ے" ہو تو ہمزہ لگے گا



ناؤ



آؤ



حلوائی


آئی۔ آئے۔ لاؤ۔ بھاؤ۔ بھائی۔ تائی۔ چھائی۔ کھاؤ۔ داؤ۔ پاؤ۔

بُلائے۔ چائے۔ پائے۔ جاؤ۔ بِلاؤ۔ بنواؤ۔ تاؤ۔ گھاؤ۔ ہلاؤ۔ سِلائے۔

اگر "ی" یا "ے" سے پہلے الف کی جگہ اور حرف ہو اور اُس پر زَبر ہو گی تو ہمزہ لگے گا مثلاً (گئے۔ نئے۔ شئے۔ نئی۔ گئی) لیکن اگر زیر ہو گی

تو ہمزہ نہیں لگے گا مثلاً (لِیے۔ دِیے۔ سِیے۔ پِیے۔ جِیے)

عربی کے الفاظ میں ہمزہ بطور حرف آئے گا ان شاءاللہ۔ ماشاءاللہ۔ شاءاللہ۔ ذکاءاللہ۔ سوءِ ظن۔



چھوٹی "ی" اس کو صاف آواز میں ادا کیا جائے گا



جالی۔ مالی۔ جھیل۔ پانی۔ نالی۔ تالی۔ گگی سڑی۔ جلی۔ اَمیر۔ اسیر۔

زمین۔ تین۔ پیر۔ تیر۔ نیل۔ خالی۔ سیکھ۔ رِیت۔ بینائی۔ تجہ می۔

میٹھا۔ تیکھا۔ پھیکا۔ چھیل۔ ذلیل۔ عَلیل۔ سَبیل۔ تذلیل۔ دَبیر۔

نصیب۔ طَبیب۔ رَقیب۔ شَدید۔ صَغیر۔ طَریق۔ فَریق۔ حَریف۔



"یائے مجہول: ے۔ بڑی ے"



ایسی "ے" جو مختصر پڑھی جائے اس میں زَبَر اور زیر واضح نہیں ہوتی۔

03045495204

بِکّے۔ لکھے۔ لُٹے۔ پھنسے۔ ہنسے۔ پکّے۔ کچّے۔ جھکے۔ تھمے۔ لَدے۔

چنے۔ چھے۔ دے۔ بڑے۔ دبے۔ سیب۔ جیب۔ ریت۔ سُنے۔



"یائے لین"



ایسی یائے جس سے پہلے والے حرف پر زبر ہو (ـَـے)

بَیرا۔ لَیلیٰ۔ تَیرا۔ تھَے۔ ڈَلے۔ مَحے۔ بَیل۔ پھَیل۔ گَیس۔ صَید۔

لَیس۔ مَیل۔ نَین۔ چَین۔ تَیر۔ بَیر۔ لَیل۔ سَیر۔ زَید۔ قَید۔

تھَیلا۔ مَیلا۔ وَیسا۔ ثَیسا۔ اَے۔ بغَیر۔ طَیش۔ بَید۔ خَیر۔ پَیر۔



شروع میں "یائے"



یاسمین۔ یادآوری۔ یونانی۔ یاد۔ یرغمال۔ یخنی۔ یکے بعد دیگرے۔ یاقوت۔

یگانگت۔ یمن۔ یکطرفہ۔ یہاں۔ یارانہ۔ یرغمال۔ یزدان۔ یاری۔ یزمان۔

یاترا۔ یاجوج۔ یادش بخیر۔ یرقان۔ یخ بستہ۔ یادیں۔ یتیم۔ یٰسین۔ یکّہ۔ 18



یکسوئی۔ یقین۔ یمنی۔ یلغار



جب دو با معنی الفاظ کو ایک ساتھ لکھیں تو ان کو ملا کر نہیں لکھنا چاہیے۔

دانش ور۔ نام ور۔ چوں کہ۔ چناں چہ۔ اس کو۔ کیوں کہ۔ حالاں کہ۔

صحت یاب۔ فتح یاب۔ اس لئے۔ کم یاب۔ خوش بو۔ خوش رنگ۔


ہم سایہ۔ خوب صورت۔ یونی ورسٹی۔ دست گیر۔ ضرورت مند۔

مہمان داری۔ دل کش۔ جہاں گیر۔ زمین دار۔ شان دار۔ خاک سار۔

راہ گیر۔ دل چسپ۔ ستم گر۔ آب پاشی۔ جس کو۔ اس قدر۔ مال دار۔

"ن" کے بعد "ب" ہو تو "ن" کی آواز "م" میں تبدیل ہو جاتی ہے

سُنبل۔ گُنبد۔ مِنبر۔ اَنبار۔ سَنبھال۔ عَنبر۔ مَنبع۔ اِستنبول۔ جُنبش۔



اَنبیاء۔ تنبیہ۔ اچنبھا۔ حَنبل۔ چَنبل۔ زنبیل۔ طَنبورہ۔ شَنبہ۔ سُنبہ۔



جب کسی حرف پر دو زبر ( ً ) ہوں تو وہ حرف نون کی آواز دیتا ہے۔



اور دو زبر کو تنوین کہتے ہیں جیسے :: مثلاً




اِحتراماً۔ حقیقتاً۔ اِراداتاً۔ عَادتاً۔ غالباً۔ مِزاجاً۔ شَریعتاً۔ نِسبتاً۔ حلفاً۔

تقریباً۔ خصوصاً۔ اِشارتاً۔ حِکایتاً۔ فَوراً۔ مجبوراً۔ یقیناً۔ عموماً۔ قصداً۔ لازماً۔

کِنایتاً۔ وَضاحتاً۔ وَقتاً فوقتاً۔ فطرتاً۔ عملاً۔ سہواً۔ آناً فاناً۔ اُصولاً۔ بدیہتاً۔

شمسی حروف:: وہ حروف جن سے پہلے "ال" آئے اور پڑھا نہ جائے



ت۔ ث۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ل

الشمس۔ عبدالرحمٰن۔ دارالثقافت۔ بالتحقیق۔ نجم الدولہ۔ النّاصر۔

نورالدین۔ دارالسلام۔ اوّل الذکر۔ نجم السحر۔ عبدالشکور۔ عظیم الشان۔

قمری حروف:: وہ حروف جن سے پہلے "ال" آئے اور پڑھا جائے



ا۔ ب۔ ج۔ ح۔ خ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ م۔ و۔ ہ۔

القمر۔ دارالحکمت۔ نورالاسلام۔ سحرالبیان۔ قرۃُ العَین۔ محسن

الملک۔ دارالامن۔ دارالامان۔ القلم۔ آیت الکرسی۔ بیتُ المال۔



## اُردو کے چند مشکل اَلفاظ




شاہکار۔ پَرہیز۔ طمنچہ۔ رَمضان۔ زُلیخا۔ صُراحی۔ فیصلہ کُن۔ قُرطبہ۔

شریر۔ اَسباب۔ قید تنہائی۔ اجزائے ترکیبی۔ فن تعمیر۔ اُنگشت نمائی۔ 20


زعفران زار۔ لامحالہ۔ بسا اوقات۔ ابتدا۔ طلب گار۔ فلسفہ۔ عزمِ نو۔

ضرر رساں۔ اعتماد ساز۔ شمسی توانائی۔ ماورائے عدالت۔ متوسط طبقہ۔



بازیچہ۔ دورِ حیات۔ آبی گزر گاہ۔ کساد۔ مُسلّم۔ تصنّع۔

عظیم۔ فیصلہ کُن۔ قریب المرگ۔ شہ سُرخی۔ ناقابلِ فراموش۔ تخلیقی۔



تناظر۔ معاشی۔ استحکام۔ لاپروائی۔ سُنہری دور۔ قباچہ

وابستگی۔ ماضی پرستی۔ حیرت انگیز۔ وقتِ فُرصت۔ ترکِ وطن۔ عاق۔

تعلق۔ صُلح۔ دفتر۔ طوعاً کرہاً۔ ناقدین۔ مُستعار۔ ببانگِ دُہل۔ ماورائے۔

سراسیمگی۔ مافوقُ الفِطرَت۔ قرطاسِ ابیَض۔ عزمِ صمیم۔ کارکنان۔ قحط۔




سَحَر خیزی۔ ید طولیٰ رکھنا۔ دست بردار ہونا۔ ناقوس

متنازعہ علاقہ۔ پاکستانی ساختہ۔ حِکمت عملی۔ بعد ازاں۔ پسِ پشت۔ راقم۔


## چند الفاظ جن کو اُلٹ کر لکھنے سے بھی الفاظ بنتے ہیں۔


| لفظ | اُلٹ کر لکھنا | لفظ | اُلٹ کر لکھنا |
|---|---|---|---|
| بارش | شراب | بات | تاب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تاریخ | خیرات | نَل | لب |
| بیج | جیب | ناپ | پان |
| کان | ناک | رات | تار |
| نادان | نادان | ریت | تیر |
| نام | مان | شوخ | خوش |
| روز | زور | شام | ماش |
| لوگ | گول | رش | شر |
| گرم | مرگ | مار | رام |
| سیب | بیس | لات | تال |
| داماد | داماد | ساس | ساس |
| بس | سب | گور | روگ |
| سُور | رُوس | دال | لاد |
| پت | تپ | بد | دَب |
| ٹُوٹ | ٹُوٹ | راز | زار۔ |



غَلَط العام الفاظ: ایسے الفاظ جو غَلَط لکھنے کے باوجود صحیح جانے جاتے ہیں

| غَلَط العام | درست لفظ | غَلَط العام | درست لفظ |
|---|---|---|---|
| اسلام وعلیکم | اَلسلامُ علیکم | لاپرواہی | لاپروائی |
| درستگی | دُرستی | حیرانگی | حیرانی |
| خط وکتابت | خط کتابت | تابع دار | تابع |
| ننھیال | نانھیال | قمیض  | قمیص |
| شوروغل  | شورغل | کتابچہ  | کتاب چہ |
| برائے کرم | براہِ کرم | مصرعہ | مصرع |
| چوہدری | چودھری | دوکان | دکان |
| بمعہ | مع | ھمارا | ہمارا |
| دھم | دہم | سیدھاسادھا | سیدھاسادا |
| تنازعہ  | تنازع | تمہارا | تمھارا |
| کلہاڑا | کلھاڑا | اَلحمدُاللہ | الحمدللہ |
| اِنشاءاللہ | اِن شاءَاللہ | پذیرائی | پزیرائی |
| بہاولپور  | بہاول پور | پرواہ | پروا |
| گذارش | گزارش | آسامی | اسامی |


| غَلَط العام | درست لفظ | غَلَط العام | درست لفظ |
|---|---|---|---|
| کاروائی | کارروائی | یاداشت |  یادداشت |
| چپڑاسی | چپراسی | راجہ | راجا |
| منہ | منھ | فراغ دِل | فراخ دِل (سخی) |
| چھ (حرف) | چھے (6) عدد | بٹوہ |  بٹوا |
| مشکور | شکر گزار | الائچی | الاچی |
| اِملاء | اِملا | سوئم | سوم |
| گیارھواں | گیارہواں | اژل | اَزل |
| ناراشگی  | ناراضی | اُستاد | اُستاذ |
| شعراء | شعرا | حکماء | حکما |
| دولہا | دولھا | دلہن | دلھن |
| انڈہ | انڈا | اڈہ |  اڈا |
| ٹھیکہ | ٹھیکا | ٹھیلہ |  ٹھیلا |
| پٹاخہ | پٹاخا | دھماکہ | دھماکا |
| دھچکہ | دھچکا | گھونسلہ |  گھونسلا |

| غَلَط العام | درست لفظ | غَلَط العام | درست لفظ |
|---|---|---|---|
| ڈونگہ  | ڈونگا | موٹاپا | مُٹاپا |
| ناشتہ | ناشتا | اعلانیہ | علانیہ |
| جانثار | جاں نثار | استفادہ حاصل کرنا | استفادہ کرنا |
| پڑتال | پر تال | پسینہ | پسینا |
| ٹانگہ | تانگا | جائیداد | جائداد |
| خورد | خُرد | ستائش | ستایش |
| کانٹ چھانٹ | کاٹ چھاٹ | مصالحہ | مسالا |
| مکتبہ فکر | مکتب فکر | نکتہ نظر | نقطہ نظر |
| تابع دار  | تابع فرمان | وَرق | وَرَق |
| محتاجگی | مُحتاجی | شِہزادہ | شَہزادہ |
| دوئم | دوم | سوئم | سوم |

قُلفی کا اصل لفظ "قُفلی" تھا جو قفل یعنی تالا سے اخذ ہے اس کی تیاری میں بند کرنے کا عمل ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| آذان | اذان | انہیں | انھیں |







| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلفی | قُفلی | مشکور | شکر گذار |



| غَلَط العام | درست لفظ | غَلَط العام | درست لفظ |
|---|---|---|---|
| تقرّری | تقرّر | حامی بھرنا | ہامی بھرنا |
| دن بدن | روز بروز | شائد | شاید |
| بارات | برات | بوقتِ ضرورت | وقتِ ضرورت |
| بُرا منانا |  بُرا ماننا | گالی نکالنا | گالی دینا |
| معمّہ | معمّا | ھارون آباد | ہارون آباد |
| نورِ چشمی | نورِ چشم | گذرگاہ | گزرگاہ |
| بالمشافہ | بالمشافہہ | بچگانہ | بچکانہ |
| پایہ تخت | پائے تخت | تخبیہہ | تشبیہ |
| تنبیہہ |  تنبیہ | تماشہ | تماشا |
| قوس و قزح | قوسِ قزح | طلاطم |  تلاطم |
| اہلیانِ شہر | اہلِ شہر | جُزو | جُز |
| جھروکہ |  جھروکا | خود کُشی | خود کُشی |

اُردو کے ہم آواز الفاظ جن کے معنی میں فرق ہے


مثال::::: طیب داتا شخص ہے۔۔۔ چڑیا نے دانہ کھایا۔۔


| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| دانا |  عقلمند | دانہ |  بیج |
| نقطہ |  ب کا ایک نقطہ | نکتہ | باریکی والی بات |
| توشہ |  سفر کا کھانا | توشہ خانہ |  زیور گھر |
| خاصا |  اچھا | خاصہ | مزاج۔ طبعیت |
| پانا | کچھ حاصل کرنا | پانہ |  اوزار |
| اظہر |  روشن | ازہر | مصر کی درسگاہ |
| ظن |  خیال | زن | عورت |
| قاش |  ٹکڑا | کاش |  تمنا، افسوس |
| قصر |  محل | کسر |  چھوٹا حصہ |
| حلقہ |  دائرہ | ہلکا | کم وزن والا |
| عاری | خالی | آری |  لکڑی چیرنے کا آلہ |


## "ہ" اور "ھ" میں فرق

| "ہ" سے لفظ | "ھ" سے لفظ | "ہ" سے لفظ | "ھ" سے لفظ |
|---|---|---|---|
| بہرہ | بھرا | کہانی | کھانی |

| "ہ" سے لفظ | "ھ" سے لفظ | "ہ" سے لفظ | "ھ" سے لفظ |
|---|---|---|---|
| کہلانا | کھلانا | بہار | بھار |
| کہوٹا | کھوٹا | دہر | دھر |
| پہاڑ | پھاڑ | دہن | دھن |
| بہاؤ | بھاؤ | پہل | پھل |
| کہوٹا | کھوٹا | گہنا | گھنّا |
| بہائی | بھائی | گہری | گھِری |
| تہائی | تھائی | ٹہنی | ٹھنّی |
| چہرہ | چھرّہ | کہلا | کھِلا |
| دہندہ | دھندہ | پہیلی | پھیلی |
| گُہر | گھَر | بہاری | بھَاری |

| الفاظ | | مُترادف | الفاظ | | مُترادف |
|---|---|---|---|---|---|
| سہل |  | آسان | ہمّت |  | حوصلہ |
| دہلیز |  | چوکھٹ | رونق |  | چہل پہل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| زرد | پیلا | طہارت | پاکیزگی |
| شکوہ | گلہ | طالب | خواہاں |
| کہانی | داستان، حکایت | وقتی | عارضی |
| مشہور  | معروف | آسمان | فلک |
| وَاحِد | جمع | وَاحِد | جمع |
| خزینہ  | خزائن | خِلقت | خلائق |
| دلیل  | دلائل | دِرہم |  دَراہم |
| حاجت  | حوائج | سِلسلہ | سلاسل |
| رابطہ  | روابط | ذریعہ | ذرائع |
| حکم  | احکام | خلق | اخلاق |
| دستور  | دساتیر | رفیق | رفقا |
| سجدہ  | سجود | حصّہ |  حصص |
| ذہن  | اذہان | رعیّت |  رعایا |
| روضہ  | ریاض | زائر | زوار |
| سنّت  | سنن | سیّد | سادات |

| مذکّر | مونث | مذکّر | مونث | 30 |
|---|---|---|---|---|
| سسر | خوش دامن۔ساس | تایا | تائی | |
| شیخ | شیخانی | والد | والدہ | |
| شوہر | بیوی۔جورو۔ | خالو | خالہ | |
| داماد | بہو | پوتا | پوتی | |
| نواسہ | نواسی | پڑوسی |  پڑوسن | |
| پھوپھا | پھوپھی | حاجی | حجّن | |
| بھانجا | بھانجی | دولھا | دُلھن | |
| تایا | تائی | سالا | سالی | |
| بچھڑا  | بچھیا | چوہا | چوہیا | |
| ہاتھی  | ہتھنی | مینڈھا |  بھیڑ | |

**محاورے**: یک جان دو قالب ہونا۔ آنکھیں دکھانا۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔

باغ باغ ہونا۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنا۔ پاؤں دھو کر پینا۔ چراغِ سحری ہونا۔ شش و پنج میں ہونا۔ زخموں پر نمک چھڑکنا۔ دانت کھٹے کرنا۔ تھالی کا بینگن ہونا۔ بال کی کھال اُتارنا۔ پیٹ کا ہلکا ہونا۔ دانت پیسنا۔ دال گلنا۔ سر کرنا۔

سُرخاب کا پَر لگنا۔ ناکوں چنے چبوانا۔ پُھولا نہ سمانا۔ تُرکی بہ تُرکی جواب دینا۔

اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔ کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا۔ ناک میں دم کرنا۔

**کہاوتیں (ضرب الامثال)**: اُونچی دُکان پھیکا پکوان۔ آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔ ایک انڈہ وہ بھی گندہ۔ جس کی لاٹھی اُس کی بھینس۔ خس کم جہاں پاک۔

بھاگتے چور کی لنگوٹی سہی۔ تو بھی رانی میں بھی، رانی، کون بھرے گا پانی۔ حوض بھرے فوارہ چھوٹے۔ دیکھا نہ بھالا صدقہ گئی خالہ۔ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔

نوٹ۔ محاورہ میں مصدر کا استعمال ہو گا یعنی آخر میں بالعموم "نا" یا "الف" ہو گا اور مجازی معنی میں استعمال ہو گا جبکہ ضرب المثل تجربات کا نچوڑ یا کسی واقعہ کا نتیجہ ہے

انگلش کے اِن الفاظ کو اُردو میں لکھتے وقت پہلے الف "ا" کا استعمال کرنا ہے

اسپیشل۔ اسکول۔ اسٹیٹ۔ اسٹیشن۔ اسکوٹر۔ اسٹاپ۔ اسکاٹ لینڈ۔ اسکیٹنگ۔

اسٹیج۔ اسٹینڈ۔ اسٹیل۔ اسٹام۔ اسٹاک (اردو کا پہلا حرف ساکن نہیں ہوتا اس لئے الف لگایا جاتا ہے)

اسلامی مہینے: مُحرم۔ صفر۔ ربیع الاوّل۔ ربیع الثانی۔ جمادی الاوّل۔ جمادی الثانی۔ رجب۔ شعبان۔ رمضان۔ شوال۔ ذوالقعدہ۔ ذوالحجہ


دیسی مہینے: چیت۔ وساکھ۔ جیٹھ۔ ہاڑ۔ ساون۔ بھادوں۔ اسُو۔ کاتک۔ مگھر۔ پوہ۔ ماگھ۔ پھگن۔

انگریزی مہینے۔ جنوری۔ فروری۔ مارچ۔ اپریل۔ مئی۔ جون۔ جولائی۔ اگست۔ ستمبر۔ اکتوبر۔ نومبر۔ دسمبر۔

**املا:** مولانا رومؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ بے شک چوہوں کا جمِ غفیر ہو لیکن ایک لاغر و نحیف بلّی بھی آجائے تو چوہوں کی اکثریّت غلبہ ہیبت و خوف سے بیک وقت مفرور ہو جاتی ہے ایک میاؤں اِن کے کانوں میں اپنی مغلوبیت کی خوفناک ضربوں کو بازگشت کی صورت میں سنائی دیتی ہے اگر ایک لاکھ چوہا ایک نحیف بلّی کے سامنے ٹھہر نہیں سکتا تو اس سے مُترشح ہوا کہ اصل چیز دل میں ہمت اور بہادری ہے۔ تعداد پر انحصار نہیں ہے بلکہ بہادری پر ہے۔

---

ایک خوش الحان آدمی سارنگی بجایا کرتا تھا۔ اس کی آواز کا جادو سر چڑھ کر بولتا تھا اور اس کی آواز پر مرد، عورت اور بچے فریفتہ تھے۔ کبھی گاتا ہوا جنگل سے گزرتا تو چرند، پرند اس کی آواز کے سحر میں مسحور ہو جاتے۔ اِن بھول بھلیوں میں بڑھاپا آگیا تو آواز پیری کے سبب بھدی ہو گئی۔ عشّاقِ آواز رفتہ رفتہ کنارہ کش ہو گئے۔ سارنگی میں سوز نہ رہا آواز میں دم نہ رہا۔ جدھر سے گزرتا کوئی بات پوچھنے والا نہ تھا۔ گمنامی میں فاقے شروع ہو گئے۔ خلقِ خُدا کی خود غرضی اور اپنی بے کسی اس کو مغموم کر رہی تھی۔ کہنے لگا یا اللہ! کاش! ان بے وفا دُنیا داروں کی بجائے میں آپ سے لگاؤ رکھتا تو آج میری اُمیدیں پوری ہوتیں!




محترم اساتذہ کرام!

السلام علیکم!

اُردو املا پیش خدمت ہے

اس کی ابتداء بغیر جوڑ کے دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی، پانچ چھ اور سات حرفی الفاظ سے کی گئی ہے۔

صحت تلفظ کو مد نظر رکھتے ہوئے تمام زاویوں سے درست تلفظ کے لئے اعراب کا استعمال کیا گیا ہے۔

املا کے تمام قواعد کی تعریف و تشریح کے بعد مشق کے لئے متعلقہ الفاظ کی کثیر تعداد دی گئی ہے۔

مشکل اور "غلط العام و غلط العوام" الفاظ کی تصاویر کی مدد سے وضاحت کر دی گئی ہے۔

اس کتاب کی مدد سے بچوں کی املا بہترین ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی اُردو اسباق کے پڑھنے کی استعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا اور ان کے اعتماد میں اضافہ ہو گا۔

اس کتاب کے 32 صفحات ہیں اور قیمت صرف 50 روپے ہے پاکستان کے ہر شہر تک مفت ڈیلیوری کی سہولت ہے۔ جتنی بھی بکس ہوں آپ نے اپنی مطلوبہ کُتب کی قیمت فی کتاب 50 روپے کے علاوہ مکمل آرڈر پر منی آرڈر فیس صرف 100 روپیہ ادا کرنا ہے اس کے علاوہ کوئی چارجز نہیں ہیں۔

آپ نے رقم کی ادائیگی پوسٹ مین / کوریئر سروس کو کتابوں کی وصولی کے وقت کرنی ہے۔

کم از کم 20 کتابیں بھیجیں جائیں گی۔

کتابیں منگوانے کے لئے اس نمبر پر وٹس ایپ کریں۔ 03045495204

ایم طارق عباسی پاک ٹیسٹ سسٹم ۔